Registered Under RNI-DELURD/2003/9333

ڈوینڈے چہار آہنگ طائفے کے ہیری اپل مین، (بائیں سے) جوش شوارٹز مین، مارک میریلا اور سام ''سیگیٹو'' ٹرنر، مارچ میں چینئی کے میوزیم تھیٹر میں اپنے فن کا مظاہرہ کرتے ہوئے۔ ۴۵۰ کے قریب سامعین اس جاز بینڈ کے جدید جاز سے لے کر روایتی کیوبن گانوں تک کے مظاہرہ فن سے لطف اندوز ہوئے۔ یہ شو غیر منفعت بخش انوائنڈ سینٹر کے جاز ریوائیول پروگرام ۲۰۰۹ کا ایک حصہ تھا۔ پروگرام سے ہونے والی آمدنی کو چینئی سے ساٹھ کلومیٹر جنوب میں واقع مہابلی پورم میں بیوہ خواتین کی باز آبادکاری کے ایک مرکز کی تعمیر پر خرچ کیا جائے گا۔ بالٹی مور، میری لینڈ اور واشنگٹن ڈی سی سے تعلق رکھنے والے طائفے نے 'انوائنڈ اسکول آف میوزک' کے ۴۵ نوجوان موسیقاروں کے لیے ایک ورکشاپ بھی منعقد کی۔ ڈوینڈے چہار آہنگ طائفہ' امریکی وزارت خارجہ کے بیرونی دنیا کے لیے امریکی موسیقی پروگرام ''ردم روڈ'' کے تحت ہندوستان آیا تھا۔

http://exchanges.state.gov/cultural/rhythm.html

ٹی ہی ونکٹیش